BRAMPTON
Flower City
brampton.ca

**media release**

<u>**برائے فوری اجراء**</u>

**کینیڈن تھیٹر پر سب سے لمبے عرصے تک راج کرنے والے آرٹسٹک ڈائریکٹر ایک مرتبہ پھر داد سمیٹنے کی تیاری میں ہیں**

*رائل مینیٹوبا تھیٹر سنٹر کے جناب سٹیون شِپر 2019 میں سٹی آف برامپٹن کے روز تھیٹر کے سربراہ ہوں گے۔*

برامپٹن، آن (4 دسمبر 2018) – سٹی آف برامپٹن کو سٹیون شِپر کو روز تھیٹر کے نئے ایگزیکٹو آرٹسٹک ڈائریکٹر کے طور پر متعین کرنے کا اعلان کرنے پر خوشی محسوس ہو رہی ہے، جو برامپٹن کی متنوع اور رنگوں سے بھرپور ثقافتی کمیونٹی کے لیے ایک سنگ میل ہے۔ سٹیون شپر 2018 - 19 سیزن کے اختتام پر رائل مینیٹوبا تھیٹر سنٹر (رائل MTC) کی 30 سالہ لمبی اور عالیشان قیادت کے بعد ریٹائر ہوں گے اور جون 2019 میں باضابطہ طور پر روز تھیٹر کا باقاعدہ حصہ بنیں گے۔ سٹی آف برامپٹن کی اکنامک ڈیولپمنٹ اینڈ کلچرل سروسز کے رکن کے طور پر اپنے نئے عہدے میں، سٹیون سٹی کی ثقافتی اور فنی شناخت کو بہترین شکل دینے میں مدد فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

یہ اعلان برامپٹن میں بڑے پیمانے پر آنے والی بڑھوتری اور تبدیلی کے ساتھ ہو رہا ہے۔ مئی 2018 میں، برامپٹن سٹی کونسل نے برامپٹن 2040 ویژن کے ذریعے ایک نئے نڈر منصوبے کی منظوری دیتے ہوئے شہر میں رہائش پذیری، استحکامیت اور تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے مستقبل کے لیے تیار نمونہ بننے کے لیے ایک طریقہ کار متعین کیا۔ سٹی کا نیا کلچر ماسٹر پلان بھی اسی سال متعارف کروایا گیا تھا، جس کے کئی ابتدائی اقدامات زیر عمل ہیں۔ موجودہ پراجیکٹس میں پبلک آرٹ پروگرام کی تجدید اور ثقافت سے جڑے مقامات، مثلاً سائرل کلارک لائبریری ہال اور لیسٹر بی پیئرسن تھیٹر، کی تزہین و آرائش اور بہتری شامل ہے، تاکہ سٹی میں تقریبات کے لیے مزید دلچسپی پیدا کی جا سکے۔

باب ڈارلنگ، ڈائریکٹر اکنامک ڈیولپمنٹ اینڈ کلچر، سٹی آف برامپٹن کا کہنا تھا کہ "سٹیون کو سٹی آف برامپٹن میں خوش آمدید کہنا ہمارے لیے اعزاز کی بات ہے اور ہم دی روز اور سٹی کے بڑے ثقافتی منظر کے لیے ایک ورثہ تخلیق کرنے کے لیے ان کی حکمت عملی کے تحت رہنمائی اور اور تجربے کی گہرائی کے حوالے سے پرامید ہیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ "کینیڈین تھیٹر کے ایک اتنے پروقار رہنما کی جانب سے برامپٹن کا انتخاب کیا جانا، اس بات کا ایک زبردست اعتراف اور تصدیق ہے کہ ہم ایک ثقافتی نشاط ثانیہ کی دہلیز پر کھڑے ہیں۔ برامپٹن بڑا اور نڈر سوچ رہا ہے اور ہم دنیا میں شہرت کے سٹیج پر اپنی کرسی کے لیے تیار ہیں۔"

سٹیون شپر کا کہنا تھا کہ "زبردست فنکاروں، سامعین اور عملے کی بدولت رائل MTC کو بڑھنے میں مدد دینا میرے لیے اعزاز کی بات ہے اور میں ہمیشہ مینیٹوبینز کا شکرگزار رہوں گا کہ انہوں نے مجھے خود میں سے ایک مانا۔" انہوں نے مزید کہا کہ "برامپٹن نے مجھے ایک پرجوش موقع کی پیش کش کی ہے کہ میں انہیں ایک ایسی فنی شناخت قائم کرنے میں مدد دوں، جو ایک نوجوان، توانا شہر کی عکاسی کرتا ہو؛ اور اس کو مستقبل کی نسلوں کے لیے ایک متنوع ثقافتی سنٹر تخلیق کرنے میں ایک کلیدی کردار ادا کروں۔"

علاوہ ازیں، انہوں نے کہ "میں برامپٹن اور ملحقہ علاقوں کے فنکاروں اور سامعین کے ساتھ تعلقات پیدا کرنے اور شہری رہنماؤں اور کمیونٹیوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے پرامید ہوں، تاکہ ان کی اقدار، جذبات اور تخلیقی صلاحیتیں سٹیج پر پیش کی جا سکیں۔"

ملک کے سب سے لمبے عرصے سے کام کرنے والے آرٹسٹک ڈائریکٹرز کے طور پر، رائل MTC کی فنی صلاحیت کو بہتر بنانے اور سامعین اراکین اور عطیہ کاروں کی نئی بنیاد بنانے کا سہرا سٹیون شپر کے سر جاتا ہے۔ اپنے 30 سالہ دور میں، وہ رائل MTC میں ورلڈ پریمیئرز لانے کے ذمہ دار تھے، بشمول مؤرین ہنٹر کی *ٹرانزٹ آف وینس* اور *اٹلانٹس*، نکی لانڈو کی ماگریٹ مشل کی *گان وِد دی ونڈ* کی تطبیق، بروس میک مینس کی چارلس ڈِکنز کے *آ کرسمس کیرول* کی تطبیق اور سٹیو مارٹن کے *پیکاسو ایٹ لیپن ایجائل* کا کینیڈین پریمیئر ان میں سے چند نام ہیں۔

(...مزید)

BRAMPTON Flower City brampton.ca

**media release**

اانہوں نے مارکوئی پروڈکشنز، مثلاً *ہیملٹ*، جس میں مووی سٹار کیریو ریوز مرکزی کردار ادا کر رہے تھے اور جنک یارڈ ڈاگ/مروش پروڈکشن کی جانب سے گم *فرام اوے* کے مظاہرے کے ٹورانٹو، جہاں وہ ابھی بھی چل رہی ہے اور ونیپیگ کے فنی منظر کی جانب عالمی توجہ مبذول کروائی؛ اور مقامی فنکاروں اور ڈرامہ نگاروں کی حمایت کو اصول بنا لیا، مثلاً ونیپیگ کے لکھاری کی جانب سے جین آسٹن کی سینس اینڈ *سینسیبلٹی* کی تطبیق کو پریمیئر کرنا۔ سٹیون نے ونیپیگ فرنج فیسٹیول کو ملک میں اپنی نوعیت کے سب سے بڑے میلے میں تبدیل کرنے میں بھی مدد دی، مقامی تھیٹر کمپنیوں کو متعین شدہ ڈرامہ نگاروں کے ڈراموں کو سٹیج پر پیش کرنے کا موقع دینے کے لیے وقف ماسٹر پلے رائیٹ فیسٹیول شروع کیا اور ایبورجنل آرٹس ٹریننگ اینڈ میٹرشپ پروگرام کے اراکین کے ساتھ کام کرتے ہوئے متنوع سامعین اور فنی تنظیموں کو شامل کرنے کے مواقع فراہم کیے اور مینیٹوبا ہائی سکولز میں ایوارڈ یافتہ ڈرامے لائے۔

مینیٹوبا تھیٹر سنٹر کو 2010 میں کوئین ایلیزابتھ II کی جانب سے شاہی مقام دیا گیا اور یہ پورے شمالی امریکہ میں مقامی تھیٹرز کے لیے نمونہ رہا ہے۔ سٹیون کو کینیڈین تھیٹر کے لیے اپنے کردار کی بنیاد پر 2012 میں آرڈر آف کینیڈا میں شامل کیا گیا تھا؛ اور انہوں نے ڈاکٹریٹ کی دو اعزازی ڈگریاں وصول کیں، ایک یونیورسٹی آف ونیپیگ کی جانب سے اور دوسری یونیورسٹی آف مینیٹوبا سے۔

30--

**<u>دی روز کے متعلق</u>**

دی روز، جو پیش کیے جانے والے فنون کے لیے ایک اعلیٰ مقام اور ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن کی ایک نمایاں خاصیت ہے، شہر کے لیے کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ مقامی اور دنیا کے جانے مانے فنکاروں کے لیے منزل کے طور پر، دی روز برامپٹن اور اس کے باہر سے تعلق رکھنے والے ثقافت سے محبت کرنے والے لوگوں کو ایک غیر معمولی جگہ پر وسیع اقسام کے ٹیلنٹس کا تجربہ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ تعمیری اور سماعتی طور پر اس بہترین مقام میں بڑے شوز اور زبردست تجربات فراہم کرنے کے لیے مظاہرے پیش کرنے کی دو جگہیں موجود ہیں۔ اب اپنے 13 سیزن میں، دی روز تھیٹر، موسیقی، رقص، مزاج، خاندنی اور ثقافتی تقریبات پر مشتمل کئی شعبہ جات کی پروڈکشنز اور ساتھ ہی ساتھ نوجوانوں کی تعلیم کے حوالے سے ایک طاقتور سیریز، آرٹس ایڈونچرز کی پیشکش کرتا ہے۔ دی روز مقامی فنکاروں کو روشنی میں لانے اور اس کمیونٹی، جسے یہ خدمات فراہم کرتا ہے، کی عکاسی کرنے، اسے بڑھانے اور اس کا جشن منانے کے لیے مقامی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ دی روز گارڈن اسکوائر کے بالکل سامنے موجود ہے، جو ایک عوامی جگہ ہے، جہاں پورا سال فنی و ثقافتی پروگرام منعقد کیے جاتے ہیں۔

**<u>سٹی آف برامپٹن کے بارے میں:</u>**

**برامپٹن بڑا سوچ رہا ہے۔** ہم تیز توجہ کے ساتھ مستقبل کے لیے تیار ایک تنظیم ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہماری کمیونٹی کی بڑھوتری، نوجوانی اور تنوع ہمیں سب سے علیحدہ کرتی ہیں۔ ہم کینیڈا کے انوویشن سپر کوریڈور کے مرکز میں موجود ہیں، جو سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ہماری عالمی کامیابی کو بڑھاتا ہے۔ ہم متنوع اربن سینٹرز تعمیر کر رہے ہیں، جو یہاں رہنے اور کام کرنے والے لوگوں کے لیے مواقع اور ان میں فخر کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ ہم برامپٹن کو ایک ایسے مربوط شہر بنانے کی جانب آگے بڑھا رہے ہیں، جو جدت پسند، جڑا ہوا اور نڈر ہو۔ ہمیں ٹوئٹر اور فیس بک پر فالو کریں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**

ٹران نگوئین، KWT گلوبل (سابقہ ہولمزPR )
647.490.6601
tnguyen@kwtglobal.com

**سٹی آف برامپٹن کنٹیکٹ:**

مونیکا ڈوگل
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن

سٹی آف برامپٹن
905.874.3426 | Monika.Duggal@brampton.ca